| | | |
|---|---|---|
| اسلامیات اختیاری | نہم، گوجرانوالہ بورڈ، 2015 | پہلا گروپ |
| وقت: 2:10 گھنٹے | (انشائی) | مارکس: 60 |

نوٹ: حصہ اول اور حصہ دوم دونوں لازمی ہیں۔

## (حصہ اول)

**2- کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (5×2=10)**

(i) مقدار تلاوت پر نوٹ لکھیے۔

(ii) نصاب کی کتاب میں درج حضرت ابراہیمؑ کی کسی ایک دعا کا ترجمہ لکھیے۔

(iii) مَنّ اور ضلال کے معنی لکھیے۔

(iv) 'امر و نہی' سے کیا مراد ہے؟

(v) حضرت نوحؑ کی تبلیغ کے جواب میں ان کی قوم نے کیا کہا؟

(vi) حضرت ابراہیمؑ نے خواب میں کیا دیکھا؟

(vii) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے "سالِ غم" میں کیا واقعات پیش آئے؟

(viii) جنگ بدر کس سال لڑی گئی؟ اس میں قریش کے کتنے آدمی قید ہوئے؟

**3- کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (5×2=10)**

(i) دنیاوی زندگی میں عقیدۂ توحید کی اہمیت لکھیے۔

(ii) حضرت ابراہیمؑ کے دو بیٹوں کے نام تحریر کیجئے۔

(iii) اسلام میں روزہ یا صوم سے کیا مراد ہے؟

(iv) مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ کا ترجمہ کیجئے۔

(v) نبی کریمؐ نے اپنے چچا ابو طالب کو کیا جواب دیا تھا؟

(vi) غزوہ خندق میں مدینہ پر حملہ کرنے والے قریش کے کسی دو قبائل کے نام تحریر کیجئے۔

(vii) مؤنث کی تعریف کیجئے اور عربی میں ایک مثال دیجئے۔

**4- کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (5×2=10)**

(i) لَا یَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ کا ترجمہ لکھیے۔

(ii) لِیُظْهِرَهٗ اور یُعْجِبُ کے معانی لکھیے۔

(iii) حیا سے متعلق حدیث تحریر کیجئے۔

(iv) نبیوں کی دو خصوصیات تحریر کیجئے۔

(v) فرعون کے بارے میں دو جملے تحریر کیجئے۔

(vi) اہل طائف نے حضورِ اکرمؐ سے کیسا سلوک کیا؟

(vii) تثنیہ کی تعریف کیجئے۔

## حصہ دوم

**5- درج ذیل میں سے دو قرآنی آیات کا ترجمہ اور تشریح لکھیے۔ (2×5=10)**

(a) وَ اِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَ اِسْمٰعِیْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○

(b) لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ○

(c) هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّهٖ ؕ وَ کَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا ○

www.ilmkidunya.com

**6- درج ذیل احادیث مبارکہ میں سے کسی ایک کا ترجمہ اور تشریح کیجئے۔ 5**

(الف) رَأْسُ الْحِکْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ۔

(ب) اِنَّ مِنْ اِجْلَالِ اللّٰهِ اِکْرَامَ ذِی الشَّیْبَةِ الْمُسْلِمِ۔

**7- درج ذیل میں سے صرف دو اجزاء کے جوابات لکھیے۔ (5+5=10)**

(الف) حضرت موسیٰؑ کی رسالت پر نوٹ لکھیے۔

(ب) ختم نبوت پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

(ج) سفر طائف میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو تکالیف پہنچائی گئیں ان کا تذکرہ کیجئے۔

**8- اسم معرفہ کی تعریف کیجئے اور اس کی دو مثالیں بھی دیجئے۔ 5**

یا

جمع مکسر کی تعریف کیجئے اور اس کی دو مثالیں بھی لکھیے۔